More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سبق نمبر: ۵

# سائنسی انقلاب

سوال نمبر: (۱) درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجیے:

**(الف) جدید دور کی کوئی پانچ ایجادات تحریر کیجیے۔**

جواب: جدید دور کی پانچ ایجادات یہ ہیں:

کمپیوٹر ۔ موبائیل فون ۔ ڈرون طیارہ ۔ انٹرنیٹ ۔ سی ٹی اسکین مشین

**(ب) صنعتی ترقی میں ایجادات کا کیا کردار ہے؟ تحریر کیجیے۔**

جواب: صنعتی ترقی میں ایجادات کا بہت بڑا کردار ہے۔ آج زندگی کے ہر شعبے کے لئے اشیاء بہت زیادہ تعداد میں اور بہترین کے معیار پر تیار کی جارہی ہیں۔ آج ہم اپنے گھر کے باورچی خانے سے لے کر اسپتالوں، تعلیمی اداروں اور فوجی معاملات میں جتنی مشینیں استعمال کر رہے ہیں وہ سب صنعتی ایجادات کی مرہونِ منت ہیں۔ آج مشینوں نے انسانوں کی جگہ لے لی ہے۔ ایک ماڈرن مشین سینکڑوں مزدوروں کا کام کم وقت میں اور بہتر طور پر کرسکتی ہے۔ کھیتوں میں بوائی سے لے کر فصل کی کٹائی تک ہر کام مشینوں کے ذریعے ہورہا ہے۔ جبکہ کارخانوں اور ملوں میں جدید مشینوں کی مدد سے اشیاء کی پیداوار میں بے پناہ اضافہ ہوگیا ہے۔ جس کی مدد سے ملکی ضرورت پوری کرنے کے بعد فاضل پیداوار کو برآمد کرکے زرِمبادلہ کمایا جارہا ہے۔

**(ج) موجودہ دور میں ٹیلیفون اور کمپیوٹر کا استعمال کہاں کہاں ہورہا ہے؟**

جواب: موجودہ دور میں کمپیوٹر نے ہماری گھریلو، دفتری اور صنعتی زندگی میں انقلاب

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

برپا کردیا ہے۔ آج، کوئی گھریلو خاتون ہو یا ڈاکٹر، انجینئر ہو یا ٹیچر، فوجی جنرل ہو یا صنعت کار، کھلاڑی ہو یا وزیر اعظم ہر شخص ٹیلیفون اور کمپیوٹر استعمال کر رہا ہے۔ موبائل فون نے تو دنیا کو گلوبل ولیج سے بھی مختصر بنا دیا ہے۔ جبکہ کمپیوٹر نے انسان کی ذہنی صلاحیت کو جلا بخشی ہے۔ کمپیوٹر کے استعمال سے دنوں کے کام منٹوں اور بہتر طور پر تکمیل پا رہے ہیں جبکہ موبائل فون ہر شعبے میں پیغام رسانی کے لئے بہترین اور تیز ترین ذریعہ بن چکا ہے۔ یوں سمجھ لیجئے کہ گھر کے باورچی خانے میں، اسپتال میں، اسکول کالج، اور یونیورسٹی میں، عام دکانوں میں، بڑی بڑی ملوں میں، فوجی اداروں میں، پولیس کے محکمے میں اور ایک عام دکاندار کی دکان پر غرض یہ کہ زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں کہ جس میں کمپیوٹر اور موبائل فون سے استفادہ نہ کیا جا رہا ہو۔

**(د) ٹیلی ویژن کے کوئی پانچ فوائد بیان کیجئے۔**

جواب: ٹیلی ویژن کے پانچ فوائد درج ذیل ہیں:

(۱) ٹیلی ویژن ہمیں روزمرہ تازہ ترین خبروں سے آگاہ کرتا ہے۔

(۲) ٹیلی ویژن تفریح کا ایک آسان اور سستا ذریعہ ہے۔

(۳) دینی تعلیم حاصل کرنے کا ایک آسان ذریعہ ہے۔

(۴) تعلیم حاصل کرنے کا بھی ایک اہم ذریعہ ہے۔

(۵) اسپورٹس کے دلدادہ افراد کے لئے دنیا بھر کے کھیل دیکھنے کا آسان ذریعہ

**سوال نمبر: (۲) درج ذیل دُرست جوابات پر صحیح کا نشان (✓) لگائیے۔**

(الف) ٹیلی فون ایجاد کیا تھا:

(۱) گراہم بیل نے　　(۲) ریچرا یچ فرینکل نے

(۳) دریڈ ڈبلیو وولف نے　　(۴) چارلس بے بیج نے

(ب) گھریلو ریفریجریٹر کی ایجاد کا سہرا ان کے سر ہے۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(۱) فری اون (۲) جیمز واٹ
(۳) فریڈ ڈبلیو وولف (۴) اسٹیفن سَن

(ج) تفریحی، تعلیمی تحقیقی اور ادبی پروگرام دیکھنے کا عام ذریعہ ہے۔
(۱) ٹیلی فون (۲) انٹرنیٹ (۳) ٹیلی ویژن (۴) موبائل فون

(د) تھم مونیر نے ایجاد کی تھی۔
(۱) سی۔اے۔ٹی۔اسکین مشن (۲) سلائی مشین (۳) لِفٹ مشین
(۴) ریپر مشین

سوال نمبر: (۳) درج ذیل خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پُر کیجیے۔

(الف) ۱۹۷۵ء میں سی۔ٹی۔اسکین مشین ایجاد ہوئی۔
(ب) ٹیلی فون ۱۸۷۶ء میں ایجاد کیا گیا۔
(ج) ٹیلی ویژن کی جدید شکل ایل سی ڈی اور ایل۔ای۔ڈی۔ہے۔
(د) بھاپ کا انجن اسٹیفن نے ۱۸۳۰ء میں ایجاد کیا تھا۔

سوال نمبر: (۴) مندرجہ ذیل دُرست جواب کے آگے صحیح کا نشان (✓) لگائیے۔

(الف) آبدوزیں ہوائی جہاز تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ [ X ]
(ب) بھاپ سے چلنے والا انجن جیمز واٹ نے ایجاد کیا تھا۔ [ X ]
(ج) انسانی جسم کے کسی بھی عضو کی بیماری کی نشان دہی، سی۔اے۔ٹی اسکین مشین سے ہوتی ہے۔ [ ✓ ]
(د) جہاز کی مدد سے موسموں کی پیش گوئی ممکن ہے۔ [ X ]

سوال نمبر: (۵) درج ذیل (الف) کالم کے الفاظ کو (ب) کالم کے الفاظ سے ملائیے۔

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

| ب | الف |
| --- | --- |
| گراہم بیل | ٹیلی فون |
| چارلس بی بیج | کمپیوٹر |
| فریڈ ڈبلیو وولف | ریفریجریٹر |
| تھم مونیر | سلائی مشین |
| ایلیشیا اوٹس | لفٹ |

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

